جمہوریہ فلپائن کے صدر عزت مآب فرڈینینڈ آر مارکوس جونیئر بھارت کے سرکاری دورے پر (اگست 04-08، 2025)

جولائی 31، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر جمہوریہ فلپائن کے صدر عالی جناب فرڈینینڈ آر مارکوس جونیئر 04-08 اگست 2025 سے بھارت کے سرکاری دورپر ہوں گے. ان کے ہمراہ خاتون اول میڈم لوئیس ارانیتا مارکوس کے علاوہ اعلیٰ سطحی وفد جس میں متعدد کابینی وزراء، دیگر معزز شخصیات اور سینئر حکام کے علاوہ کاروباری نمائندے بھی شامل ہوں گے. صدر مارکوس، فلپائن واپسی سے قبل 08 اگست 2025 کو بنگلورو بھی جائیں گے.

2. فلپائن کے صدرارت کا منصب سنبھالنے کے بعد صدر مارکوس کا یہ پہلا دورۂ بھارت ہوگا. اس دورے کے دوران، وزیر اعظم اور صدر مارکوس کی باہمی مذاکرات کا دن 05 اگست، 2025 طے کیا گیا ہے. صدر مارکوس صدر جمہوریہ ہند محترمہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات طے ہے. وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر بھی اس دورے کے دوران صدر مارکوس سے ملاقات کریں گے۔

3. بھارت اور فلپائن کے درمیان سفارتی تعلقات نومبر 1949 میں قائم ہوئے تھے. دونوں ممالک نے اس کے بعد تجارت و سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی، بحری تعاون، زراعت، صحت عامہ، دواسازی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز سمیت وسیع شعبوں میں ایک مضبوط شراکت داری قائم کی ہے. دونوں ممالک علاقائی سطح پر بھی قریبی تعاون رکھتے ہیں، جس میں بھارت کی آسیان کے ساتھ جامع اسٹریٹجک شراکت داری بھی شامل ہے.

4. فلپائن کے ساتھ بھارت کے تعلقات ہماری "ایکٹ ایسٹ" پالیسی، وژن مہاساگر اور بحرالہند و بحرالکاہل کے ہمارے تصور کا ایک بنیادی ستون ہیں. صدر مارکوس کا آئندہ سرکاری دورہ بھارت۔فلپائن سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر ہو رہا ہے. یہ دورہ دونوں رہنماؤں کے لیے آئندہ دو طرفہ تعاون کی راہ متعین کرنے اور باہمی دلچسپی کے علاقائی و بین الاقوامی امور پر بات چیت کا ایک موقع فراہم کرے گا.

نئی دہلی
جولائی 31، 2025